بے باک صحافت اور مشرقی اقتدار کا علمبردار اخبار!

وہی ہے مشرق و مغرب کا مالک (القرآن)

ایڈیٹر
ارمغان قریشی

Daily
TASVEER-E-MASHRIQ

لاہور

روزنامہ
تصویرِ
مشرق

چیف ایڈیٹر
رئیس احمد قریشی

جلد 32 شمارہ 123 | منگل 13 جمادی الثانی 1448ھ 24 نومبر 2026ء 11 آگہ | صفحات 8 قیمت 40 روپے

حسین نقی کا انتقال صحافت، جمہوریت اور انسانی حقوق کی جدوجہد کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان ہے: عورت فاؤنڈیشن

آزادیٔ اظہار اور جمہوری اقدار کے لیے مرحوم کی طویل جدوجہد ہمیشہ یاد رکھی جائے گی، انیس ہارون، ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان، نعیم احمد مرزا اور ممتاز مغل کا اظہارِ تعزیت



لاہور (جنرل رپورٹر) عورت فاؤنڈیشن نے سینئر صحافی، ٹریڈ یونین رہنما، جمہوریت پسند اور انسانی حقوق کے علمبردار حسین نقی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے اسے صحافت، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کی جدوجہد کے لیے ناقابلِ تلافی نقصان قرار دیا ہے۔ فاؤنڈیشن کی صدر انیس ہارون، خزانچی ڈاکٹر عالیہ ہاشمی خان، ایگزیکٹو ڈائریکٹر نعیم احمد مرزا اور چیف آپریٹنگ آفیسر ممتاز مغل نے اپنے مشترکہ تعزیتی بیان میں مرحوم کی آزادیٔ اظہار، جمہوریت اور انسانی حقوق کے لیے گراں قدر خدمات کو خراجِ تحسین پیش کیا۔ انیس ہارون نے کہا کہ حسین نقی نے پوری زندگی صحافت کی آزادی، جمہوری اقدار اور انسانی حقوق کے تحفظ کے لیے جدوجہد کی اور ہر دور میں حق و سچ کا ساتھ دیا۔ انہوں نے کہا کہ مرحوم کی فکر، جرأت اور اصولی مؤقف آنے والی نسلوں کے لیے مشعلِ راہ رہیں گے۔ عورت فاؤنڈیشن کے رہنماؤں نے مرحوم کے اہلِ خانہ، صحافتی برادری، انسانی حقوق کے کارکنوں اور چاہنے والوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار خاندان کو صبر و حوصلہ دے۔